ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :05 مورخہ: 2026-01-01

ایس و پی برائے کرایہ داران اور رہائشی حضرات

1۔ مکان کا مالک رینٹل کنٹریکٹ کے اجراء موثر اور غیر موثر ہونے کے متعلق قبل از وقت سوسائٹی آفس کو اطلاع دے گا۔

2۔ کرایہ دار کی تفصیلات کی تصدیق کرنا گھر کے مالک کی ذمہ داری ہے۔

3۔ مالک مکان کو کرایہ داروں کا انتخاب کرتے وقت یہ تصدیق کرنا لازم ہے کہ کرایہ داران کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ پولیس سے این او سی (NOC) کریکٹر سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا لازمی ہو گا اور مکان مالک اس کی ایک عدد کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

4۔ سوسائٹی انتظامیہ مکان مالک سے کرایہ دار کے طرز عمل کی ذمہ داری کے لیے ایک حلف نامہ فراہم کرنے کے لیے کہہ سکتی ہے۔

5۔ مالک مکان اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کرایہ دار سوسائٹی کے رہائشیوں کے لیے پریشانی کا سبب نہ بنے، سوسائٹی قوانین کی پابندی کریں اور اپنی گاڑی یا موٹر بائیک سے فضائی آلودگی پیدا نہ کرے۔ بجلی اور گیس کی چوری نہ کرے اور گیس کمپریسر کا استعمال اپنے گھروں میں ہر گز نہ کریں۔

6۔ کرایہ نامہ قانونی اسٹامپ پیپر پر تیار کیا جانا چاہیے جس کو نوٹری پبلک کے ذریعے باقاعدہ نوٹرائز کیا جائے۔

7۔ پنجاب انفرمیشن برائے عارضی رہائش (کرایہ داری) ایکٹ 2015 کے مطابق کرایہ دار کی رجسٹریشن متعلقہ تھانہ میں ریکارڈ کروانا ضروری ہے اور یہ رجسٹرڈ شدہ کرایہ داری کا معاہدہ جو کہ ایک سال کا ہو گا کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانا لازم ہے۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

8۔ ابدالین سوسائٹی کی انتظامیہ کمیٹی کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر مکان مالک کرایہ نامہ اور پولیس تصدیق کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع نہیں کرواتا تو مکان مالک کو کرائے کا 5٪ فیصد بطور جرمانہ عائد کرسکتے ہیں اور کرایہ دار کو سوسائٹی سے بے دخل بھی کیا جاسکتا ہے۔

9۔ یہ مکمل طور پر مکان مالک کی خواہش پر منحصر ہے کہ وہ کرایہ دار کو گھر کے اندر پارکنگ کی جگہ فراہم کرے۔ کرایہ دار اپنی گاڑی وغیرہ گلی میں پارک نہیں کرے گا۔

10۔ یہ مکان مالک کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ کرایہ داری کی بنیاد پر کوئی تجارتی سرگرمیاں ہرگز نہ کی جائیں۔

11۔ کسی بھی کرایہ دار کو Sublet کرنے کی یا کسی بھی مکان میں مالک یا کرایہ دار کو کسی قسم کی کاروباری سرگرمی، بیوٹی پارلر، ٹیوشن سنٹر وغیرہ کی ہرگز اجازت نہ ہے۔

12۔ مکان مالک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مکان غیر شادی شدہ یا کنوارا کو کرائے پر نہ دیا جائے۔

13۔ مکان مالک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تجدید شدہ کرایہ کا معاہدہ ہر وقت درست ہو۔

14۔ ڈرائیور یا دیگر مرد ملازمین کا گھر کے باہر گرین بیلٹ میں بیٹھنا فیملیز کے آنے جانے میں رکاوٹ کا باعث بنتا ہے لہذا یہ ملازمین اپنے پورچ یا کوارٹر میں آرام کریں۔ البتہ ان ملازمین کے ملاقاتی جن کا گھر میں داخلہ مناسب نہ ہو قلیل مدت کے لئے باہر بیٹھ کر ملاقات کرسکتے ہیں۔

15۔ بلوں کی بروقت ادائیگی آپ کی اولین ذمہ داری ہے تاکہ آپ کو تمام سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رہ سکے۔ کرایہ دار اس کا پابند ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں بائی لاز کے مطابق مکان مالک کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ مندرجہ بالا تمام شقوں میں کسی ایک کی خلاف ورزی پر کرایہ دار کو بے دخل کیا جائے گا اور حسب ضرورت قانونی کاروائی بھی کی جائے گی۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

جنرل سیکرٹری